Community Welfare Organization

# کمیونٹی ویلفیئر آرگنائزیشن



## سالانہ کارکردگی رپورٹ

## 2003

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

## ابتدائیہ:

ابتدا ہے خداوند کریم کے بابرکت نام سے کہ جو بڑا رحمان اور رحیم ہے، اتنا عظیم ہے وہ پروردگار کہ جو انسان کے کئے ہوئے ہر اعمال کو دیکھتا ہے۔ کمیونٹی ویلفیئر آرگنائزیشن کا قیام ۳ شعبان المعظم ۱۴۲۳ھ کو بروز ولادت باسعادت حضرت امام حسینؑ عمل میں آیا۔ ظاہر ہے کہ جس تنظیم کی ابتداء اس قدر بابرکت اور پرمسرت دن ہو اس آرگنائزیشن کے عزم اور ارادے کس قدر بلند ہونگے۔

## مقاصد:

کمیونٹی ویلفیئر آرگنائزیشن کا بنیادی مقصد کمیونٹی کے تمام افراد خصوصاً نوجوانوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے، جس میں وہ آزادانہ طور پر ہر طرح کے مثبت پروگرام کمیونٹی کو پیش کرسکیں اور ساتھ ہی ساتھ کمیونٹی کے افراد کو ایک جگہ جمع کرکے انہیں بہتر انداز کے تفریحی، معاشرتی، ویلفیئر اور مذہبی پروگراموں میں شامل کیا جائے۔

C.W.O. کی ہمیشہ یہی کوشش رہی کہ ہر اس پروگرام کو ترتیب دیا جائے جس کی ہماری کمیونٹی کو ضرورت ہے اور ہر ایسے

# ابتدائیہ

موضوعات اور پروگرام سے گریز کیا جائے جس کی مذہب اور معاشرہ ہمیں اجازت نہیں دیتا۔

.C.W.O نوجوانوں کا ایسا قافلہ ہے جو کہ ہر قسم کے مفید پروگرامز چاہے وہ سوشل ہوں یا ویلفیئر، ثقافتی ہوں یا تفریحی، مذہبی ہوں یا معاشرتی، ہر رنگ کا گلدستہ پروگرام کی صورت میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا رہتا ہے۔

.C.W.O کے ہر پروگرام میں کمیونٹی کی خدمت اور سہولت کو اولیّن اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ ہماری یہ بھرپور کوشش ہوتی ہے کہ ہمارے ترتیب دیئے گئے ہر پروگرام میں کمیونٹی کے تمام افراد نوجوانوں، خواتین، حضرات اور بچوں کی دلچسپی کو مدنظر رکھا جائے تاکہ سب لوگ ان پروگراموں میں بھرپور طور پر شرکت کرسکیں۔

.C.W.O کی یہ سالانہ کارکردگی رپورٹ ہمارے گزشتہ پروگراموں پر ایک نظر آپ حضرات کی ہمارے ہر پروگرامز میں انتہائی تعاون، ہمارے کرم فرماؤں کے نیک خیالات کے ساتھ ساتھ مالی امداد جو کہ ہر پروگرام کے لازمی جُز ہے کی عکاسی کر رہی ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ جو پروگرامز جو ہم مستقبل میں انجام دہی کے لئے سوچ رہے ہیں۔ آیئے ان کی ایک چھوٹی سی جھلک دیکھتے ہیں۔

# سوشل اور ویلفیئر پروگرامز:

## رمضان بچت بازار:

پچھلے سال کی طرح ایک مرتبہ پھر کمیونٹی کے اصرار پر حالیہ گزرے ہوئے رمضان المبارک سے قبل رمضان بچت بازار کا سلسلہ



مرتب کیا۔ جو کہ ۲۵ اور ۲۶ نومبر بروز ہفتہ اور اتوار کو شہید حمید علی بھوجانی ہال، سولجر بازار میں منعقد ہوا۔ جس میں ہم نے کراچی کی معروف کمپنیوں کے ساتھ ساتھ کمیونٹی کے افراد کی **PRODUCTS** کو نہ صرف کمیونٹی میں بلکہ **OPEN MARKET** میں متعارف کروانے کے ساتھ ساتھ کمیونٹی کے افراد کو اشیائے صرف با آسانی اور رعایتی قیمتوں پر دلوایا جبکہ رمضان کے ایّام میں ان کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہوتی ہیں۔ بازار کا افتتاح جماعت کے پریزیڈنٹ جناب دوست محمد بھوجانی نے کیا۔ آخر میں مختلف کمپنیوں نے **Lucky Draw** کا انعقاد کیا۔

## عید میلہ :

رمضان المبارک کے بچت بازار کی شاندار کامیابی اور کمیونٹی کے افراد کے بے حد اصرار پر .C.W.O نے ۵ فروری ۲۰۰۳ بروز بدھ شہید حمید علی بھوجانی ہال میں خصوصاً بچوں اور خواتین کے لئے عید میلہ کا انعقاد کیا، جس میں بچت بازار کی طرح معروف کمپنیوں کے ساتھ



ساتھ کمیونٹی کے افراد کی **PRODUCTS** اوپن مارکیٹ میں متعارف کروانے کے ساتھ ساتھ فوڈ فیسٹیول، فن فیئر اور بچوں کیلئے گیمز نے اس پروگرام کو چار چاند لگا دیئے۔ پروگرام کا افتتاح جماعت کے پریزیڈنٹ جناب دوست محمد بھوجانی نے کیا۔ یہ عید میلہ بھی ہمارے دوسرے پروگرامز کی طرح بے مثال رہا۔ آخر میں .C.W.O اور دیگر کمپنیوں کی طرف سے لکی ڈرا کا انعقاد کیا گیا۔



# مذہبی پروگرام:

## جشن ولادت امامِ زمانہؑ اور اعمالِ شبِ ۱۵ شعبان :

مذہبی حوالے سے ہمارا سب سے بڑا اور پہلا پروگرام ۱۵ شعبان المعظم ۱۴۲۴ھ بمطابق ۱۱ اکتوبر ۲۰۰۳ کو ولادت باسعادت حضرت امام العصرؑ کی پیدائش کا جشن تھا جو کہ شہید حمید علی بھوجانی ہال، سولجر بازار میں منعقد ہوا، جس میں ہم نے کراچی شہر کے مشہور و معروف منقبت خواں اور شعرائے کرام جن میں علی صفدر رضوی، عرفان حیدر،



حسنین عباس، علی حسین **AVD** اور وسیم رضا بادامی کے ساتھ ساتھ مولانا علی مرتضیٰ زیدی اور مولانا غلام رضا روحانی کے دروس پیش کیے۔ جشن کے بعد مولانا غلام رضا روحانی نے اعمالِ شبِ ۱۵ شعبان کروائے۔ پروگرام کا اختتام دعائے امامِ زمانہؑ سے ہوا۔ مومنین کیلئے عریضہ جمع کرنے اور سحری کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔

## اعمالِ شبِ ۲۷ رمضان :

پہلے مذہبی پروگرام کی شاندار کامیابی کے بعد .C.W.O نے صادقین آرگنائزیشن کے اشتراک سے اعمال ۲۷ رمضان المبارک بمطابق ۲۲ نومبر ۲۰۰۳ بروز ہفتہ کو شہید حمید بھوجانی ہال میں پروگرام ترتیب دیا۔ جس میں ہم نے درس وسوال و جواب مولانا علی رضا مہدوی اور اعمال ۲۷ رمضان مولانا غلام رضا روحانی کا سلسلہ مرتب کیا۔ جس میں مومنین کیلئے سحری کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔ اِس پروگرام کا اختتام حسبِ روایت دعائے امامِ زمانہؑ سے ہوا۔

## درسِ اخلاص :

رمضان المبارک کے احترام میں معصومین کیبل نیٹ ورک کے تعاون سے سحرو افطار سے قبل روزانہ ۱۰ منٹ کی بنیاد پر مشتمل اخلاقی، تاریخی اور اصلاحی موضوعات پر ممتاز و معروف علماء کرام کے درس دکھانے کا اہتمام کیا جن میں مولانا علی رضا مہدوی، مولانا غلام رضا روحانی، مولانا محمد رضا داؤدانی، مولانا محمد کمیل مہدوی، مولانا قمر علی لیلانی، مولانا محمد عرفان **AVD**، مولانا محمد رضوان **AVD** اور سید علی مرتضٰی زیدی صاحب شامل تھے، تاکہ آپ حضرات گھر پر بیٹھے ہوئے اسلامی تعلیمات سے استفادہ حاصل کرسکیں۔

## اعمالِ شبِ عید :

ہمارے مذہبی پروگرامز میں آپ حضرات کی دلچسپی کے بڑھتے ہوئے رجحان کو مدِنظر رکھتے ہوئے .C.W.O نے ایک مرتبہ پھر اعمالِ شبِ عید کا پروگرام ۲۶ نومبر ۲۰۰۳ کو فاطمیہ بوائے اسکول، بریٹو روڈ، میں منعقد کیا، جس میں مولانا غلام رضا روحانی کے درس کے ساتھ ساتھ اعمالِ شبِ عید کا سلسلہ رکھا گیا۔

## کمیونٹی تفریحی پروگرام:

### الہ دین واٹر اینڈ امیوزمنٹ پارک:

ہمارے سابقہ پروگرامز کی شاندار کامیابی کے بعد **C.W.O.** نے الہ دین واٹر اینڈ امیوزمنٹ پارک کی سیر کا پروگرام ۲۲ جون ۲۰۰۳ کو مرتب کیا۔ اگرچہ خواتین کی موجودگی اوران کے پردے کا خاص خیال بھی عین ضروری تھا، لیکن **JAMAT WOMEN WINGS** اور بوتراب اسکاؤٹس کی مدد سے اس پروگرام کو اپنی مثال آپ بنادیا گیا۔ الہ دین کا یہ پروگرام کمیونٹی کے افراد کے لئے ایک تحفہ




تھا کیونکہ جس **COST** میں الہ دین کی بکنگ ہوئی تھی بالکل اُسی **COST** پر اس کے **ENTRY PASS** تقسیم کئے گئے۔ اس کے علاوہ تمام تر اخراجات جن میں **TRANSPORT**، مچھلی گھر، جنگل کنگڈم اور پرنٹنگ اور پبلسٹی صرف اورصرف **C.W.O.** کی جانب سے ادا کئے گئے۔ ہماری اِس کاوش اور جذبے کو مدِ نظر رکھتے ہوئے الہ دین کی انتظامیہ پردہ دار خواتین کے لئے علیحدہ **SWIMMING POOL** بنارہے ہیں۔ پروگرام کے اختتام پر **C.W.O.** نے لکی ڈرا کا انعقاد کیا۔

## الہ دین پارک:

اس کے بعد ہماری ایک اور کاوش آپ کی عید کی خوشیوں کو دوبالا کرنے کیلئے الہ دین پارک کی سیر تھی جو کہ مورخہ ۳۰ نومبر ۲۰۰۳ کو منعقد کی گئی۔ جس میں ہم نے کنوینس کے ساتھ ساتھ جھولوں، جنگل





کنگڈم، مچھلی گھر، بوٹنگ، گیمز اور لکی ڈرا جیسے خوبصورت انعام کا تحفہ آپ کی خدمت میں پیش کیا اور حزبِ روایت جس COST میں الہ دین کی بکنگ ہوئی تھی بالکل اُسی COST پر اس کے ENTRY PASS تقسیم کئے گئے۔ پروگرام کے اختتام پر لکی ڈرا کا انعقاد کیا گیا، جس میں مہمانِ خصوصی جناب عباس بدامی صاحب نے انعامات تقسیم کئے۔

## مستقبل کے پروگرامز:

C.W.O. کے مختلف پروگراموں کو پسند کئے جانے کی وجہ سے اور کمیونٹی کے لوگوں کے اصرار پر C.W.O. مستقبل میں کچھ نئے پروگرام بھی شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ جن میں انٹر اسکول مقابلے، کمیونٹی کی سطح پر دیگر مقابلے، مختلف موضوعات پر TALK SHOWS، سیمینار، محرم الحرام میں اعمالِ عاشورہ وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ تفریحی اور تعلیمی پروگرام بھی پیش کئے جائیں گے۔ جس میں آپ سب کی دلچسپی اور تفریح کو مدنظر رکھا جائے گا۔

مستقبل کے پروگرامز

کمیونٹی تفریحی پروگرام

ہمارے لئے یہ بات باعث اطمینان ہے کہ اِن پروگراموں کے انعقاد میں اور اِن کی کامیابی میں آپ تمام لوگوں کا پُرخلوص تعاون حاصل رہا جس سے ہمارے حوصلے مزید بلند ہوئے اور ہم میں خوب سے خوب تر پروگرامز پیش کرنے کا نیا جذبہ پیدا ہوا۔

ہم اُن تمام افراد اور تنظیم کے شکرگزار ہیں، جن کا تعاون ہمیشہ ہمارے ساتھ رہا۔ خاص کر جماعت کی Managing Committee اور جماعت کے President دوست محمد بھوجانی، جناب الطاف حسین بھوجانی، مولانا علی رضا مہدوی، مولانا غلام رضا روحانی، بوتراب اسکاؤٹس، معصومین کیبل نیٹ ورک، سرفراز اسٹیٹ ایجنسی اور رحمت اللہ بک ایجنسی۔

C.W.O. کی آپ سے مودبانہ گزارش ہے کہ آپ ہمارے پروگراموں کے سلسلے میں یا کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لئے اپنی رائے، مشورے کا اظہار درج ذیل پتہ، ای میل یا فون نمبر پر کر سکتے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ C.W.O. کے تمام ممبران آپ حضرات سے دُعا کی التماس کرتے ہیں۔

**خاکپائے اہلبیتؑ:**


کمیونٹی ویلفیئر آرگنائزیشن

Community Welfare Organization

F-202، رحیم اپارٹمنٹ، مرزا قلیچ بیگ روڈ، پارسی کالونی،
سولجر بازار، کراچی

فون : 7219236 & 7217020

موبائیل: 0320-4080960

ای میل: E-mail : cwowelfare@yahoo.com